

5

# چھوٹو کا گھر







© NCERT not to be republished

تصویروں میں چھوٹو کی کہانی بتائی گئی ہے۔ دیکھ کر بتاؤ۔

- چھوٹو نے پائپ کو دیکھ کر کیا سوچا؟
- چھوٹو نے پائپ کا کس طرح سے استعمال کیا ہے؟
- چھوٹو نے پائپ اور آس پاس کی جگہ کو کون سے حصوں میں بانٹا ہے؟
- چھوٹو کو اس گھر کے کون سے حصے میں زیادہ وقت گزارنا پسند ہوگا؟
- چھوٹو نے مونو کو بھی پائپ میں رہنے کو کیوں کہا ہوگا؟

مکان کب گھر بن جاتا ہے، اس پر گفتگو کروانا، 'مکان' اور 'گھر' کے فرق کو واضح کرے گا۔

اپنے گھر کی تصویر کاپی میں بناؤ۔

* تمہارے گھر میں کون کون رہتے ہیں؟

______________ ______________ ______________ ______________

______________ ______________ ______________ ______________

* چھوٹو نے پائپ کو الگ الگ حصوں میں بانٹا۔ تم بھی اپنے گھر کے الگ الگ حصوں کے نام لکھو۔

______________ ______________ ______________ ______________

______________ ______________ ______________ ______________


* ایک دن میں تم گھر کے کس حصے میں کتنا وقت گزارتے ہو؟
* کیا گھر کا کوئی ایسا حصہ ہے، جہاں گھر کے کچھ لوگ زیادہ وقت گزارتے ہیں؟
* کیا گھر کا کوئی ایسا بھی حصہ ہے، جس میں گھر کا کوئی خاص شخص جاتا ہی نہیں ہے، یا بہت کم جاتا ہے۔

ہمارے گھروں میں ہم لوگ تو رہتے ہی ہیں لیکن ہمارے ساتھ ساتھ کچھ جانور بھی رہتے ہیں۔ کچھ ہماری مرضی سے کچھ ہماری اجازت کے بغیر۔

© NCERT not to be republished

بچوں سے ان کے گھر کے بارے میں بہت حساس طریقہ اور ہمدردی سے گفتگو کرنے کی ضرورت ہے۔ گھر مختلف طرح کے ہوتے ہیں۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے سبق میں کمروں کے بجائے، گھر کے حصوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ گھر کے حصوں میں مختلف افراد کا جانا یا نہ جانا ان کے گھر کے طور طریقے کو ظاہر کرتا ہے۔







# گھر پیارا

سدا یہی تو کہتی ہو ماں
گھر یہ صرف ہمارا اپنا!
لیکن ماں کیسے میں مانوں
گھر تو یہ کتنوں کا اپنا!


دیکھو تو کیسے یہ چوہے
کھیل رہے ہیں پکڑم پکڑی!
کیسے مچھر ٹہل رہے ہیں
کیسے مست پڑی ہے مکڑی!




اور چھپکلی کو تو دیکھو
چلتی ہے جو گشت لگاتی!
ارے قطاریں باندھے باندھے
کہاں چیٹیاں دوڑی جاتیں!



اور اِدھر آنگن میں دیکھو
پنچھی کیسے جھپٹ رہے ہیں
بالکل باجی اور مجھ جیسے
کسی بات پر جھگڑ رہے ہیں





اسی لئے تو کہتا ہوں ماں
گھر نہ سمجھو صرف ہمارا
سدا سدا سے جو بھی رہتا
سب کا ہی ہے یہ گھر پیارا

بچہ ٹولی (بھارت گیان وگیان سمیتی)
ہندی سے ترجمہ

کیا تم جانتے ہو چوہوں میں دیکھنے کی صلاحیت کم لیکن سونگھنے، چھونے اور ذائقہ والی صلاحیت بہت ہی تیز ہوتی ہے۔



* ایسے دو جانوروں کی تصویریں بناؤ جو ہماری اجازت کے بغیر ہمارے گھر میں رہتے ہیں۔ تصویر کے نیچے ان کا نام بھی لکھو۔


| | |
|---|---|
| ______________ | ______________ |

* تم اپنے گھر کو کیسے صاف رکھتے ہو؟

______________________________


______________________________

______________________________



* تمہارے گھر میں صفائی کا کام کون کون کرتے ہیں؟
* تم گھر کا کوڑا کچرا کہاں ڈالتے ہو؟
* کیا تمہارے گھر کے آس پاس صفائی رہتی ہے؟

© NCERT not to be republished



لتا کا گھر اس طرح سے سجا ہے۔

کیا تم اپنے گھر کو کسی خاص طرح سے سجاتے ہو؟ کب کب اور کیسے سجاتے ہو؟

اپنے ساتھیوں سے معلوم کرو کہ وہ اپنے گھر کو کیسے اور کب سجاتے ہیں؟

تم اپنے گھر کو کن کن چیزوں سے سجاتے ہو؟ اُن کے نام لکھو۔

© NCERT not to be republished

سبق میں ہر ایک بچے سے اس کے گھر کی سجاوٹ کے بارے میں پوچھا ہے۔ بچوں سے مختلف موقعوں پر گھر سجانے کے کاموں میں اور استعمال میں لائی جانے والی اشیاء پر بات چیت اور مقامی سامان کے استعمال اور تہوار منانے کی اہمیت واضح کیا جا سکتا ہے۔